RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالهم

نمبر ۳ | مطبوعه روز دوشنبه تاریخ ۱۴ محرم الحرام ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۶ جنوری سنه ۱۹۱۱ء | جلد ۲۳

فهرست مضامین

نمبر شمار	خلاصه مضمون	صفحه نمبر
۱	اضافه منصرم اصطبل	۱
۲	رخصت تحصیلدار شاه آباد	۲
۳	رخصت هاسپٹل اسسٹنٹ بلاسپور	۳
۴	طاعون کے لئے ایک مفید [illegible]	۴

ملخص حکم اجلاس بندگان حضور پرنور دام اقبالهم و ملکهم

اضافه

۲۹ دسمبر سنه ۱۹۱۰ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بهادر بیس روپیه ماهوار اضافه محمد فیاض خان منصرم اصطبل کی تنخواه مین یکم جنوری سنه ۱۹۱۱ء سے بوجه حسن انجام خدمات منظور فرمایا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

رخصت

۱۵ جنوری سنہ ۱۹۱۱ع

رخصت پانچ یوم تحصیلدار صاحب شاہ آباد بوجہ علالت ۱۹ جنوری سنہ حال تک بوضع تنخواہ منظور کی گئی۔

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

حسب تحریر صاحب اسسٹنٹ سرجن رخصت علاجی سید عاشق علی ہاسپٹل اسسٹنٹ بلاسپور بذمہ داری کمپونڈر بلاسپور منظور کی گئی۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

واقع ۱۶ جنوری سنہ ۱۹۱۱ع

امسال مرض طاعون سے شہر میں اکثر اشخاص ضائع ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں اس مرض کو روکنے کیواسطے پلیگ کا ٹیکہ لگایا جانا نہایت مفید ثابت ہوا ہے جو روزانہ صدر شفاخانہ شہر میں بلا کسی معاوضہ کے ہر شخص کے لگایا جاتا ہے اس ٹیکہ کے مفید ہونے کی یہ بین دلیل ہے کہ بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم نے آج خود ٹیکہ لے لیا اور تمام اسٹاف نے بھی لگایا ہے عام طور پر عدم واقفیت کی وجہ سے اس جانب توجہ کم ہے جملہ صیغہ جات اور شہر کے اشخاص کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ ہر شخص کو پلیگ کا ٹیکہ ضرور لگانا چاہئے یہ بے ضرر اور بے خرچ نہایت سودمند انسداد مرض کی تدبیر ہے - ہرگز یہ منشا نہیں ہے کہ لوگ جبریہ ٹیکہ لگائیں بلکہ جو شخص اپنی خوشی سے اپنے فائدہ کے لئے ٹیکہ لگائیگا اُسکی بہتری اور عافیت عامہ کا باعث ہوگا - لہذا

حکم ہوا کہ

نقل روبکار ہذا برائے اطلاع عام درج گزٹ ہو اور ایک ایک نقل صیغہ جات متعلق ہوم ڈپارٹمنٹ میں مرسل ہو۔

صاحب ہوم سکرٹری بہادر

مطبع ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔